اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے منت ماننے سے منع فرمایا اور کہا : "منت کوئی خیر نہیں لاتی اس کے ذریعے بس کنجوس کا مال نکالا جاتا ہے"

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنما سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے منت ماننے سے منع فرمایا اور کہا : "منت کوئی خیر نہیں لاتی اس کے ذریعے بس کنجوس کا مال نکالا جاتا ہے"
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے نذر ومنت ماننے سے منع فرمایا ہے نذر ومنت ماننا یہ ہے کہ انسان اپنے اوپر ایسی کوئی چیز واجب کرلے، جسے شارع نے اس پر واجب نہ کیا ہو آپ نے آگے فرمایا کہ منت کسی چیز کو نہ آگے کرتی ہے، نہ پیچھے اس کے ذریعے تو بس بخیل آدمی سے، جو بس وہی کام کرتا ہو، جو اس پر واجب ہو، خیر نکالی جاتی ہے منت کوئی ایسی چیز نہیں لاتی، جو تقدیر میں نہ لکھی ہو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/2960